پڑھنے کا معیار ۱

Author: Hari Kumar Nair
Illustrator: Hari Kumar Nair
Translator: Faiyaz Ahmed

میرا نام ہے شیام۔ عمر ہے دس سال۔ ذرا دبلا پتلا ضرور ہوں لیکن حوصلہ کی کمی نہیں۔ صبح صبح اٹھنا اور اسکول بھاگنا کوئی کھیل نہیں۔ جاگنے پر بھی آنکھیں رہتی بند، لگتا ہے جیسے اٹھوں گا تو گر جاؤں گا۔

دانت صاف کرتے ہوئے بھی آنکھیں بند۔ باورچی خانے سے آواز آتی ہے، اماں کی جلدی جلدی روٹی بنانے کی پھر ذہن لگتا ہے بھٹکنے اور طرح طرح خیالات کاٹنے لگتے ہیں چکّر

کیا ہوتا اگر میری گردن ہوتی لمبی دس گنی؟

آدھی گردن اسکول میں، آدھی گھر کہاں ملتا میں مگر؟

کیا ہوتا اگر ٹانگیں ہوتیں درخت جتنی لمبی؟
اسکول کی عمارت تو بس گھٹنے تک آتی!

اگر میرے بازو ہوتے خوب مضبوط؟
اماں کو اُٹھانے میں کوئی مشکل ہی نہیں ہوتی!

کیا ہوتا اگر دانتوں کے لیے کچھ بھی نہیں ہوتا سخت؟

سوچو کیا کیا چبا ڈالتا میں!

کیا ہوتا اگر پیٹ میرا ہوتا غبارے جیسا گول؟
دوست میرے اُسی پر اُچھلتے کودتے!

اگر ہوتے میرے ہاتھی جیسے بڑے بڑے کان؟
سب کچھ سنائی دیتا دور ہوتا یا پاس!

اگر...... اس کے پہلے کہ میں سوچتا کچھ اور اماں چلّاتیں،
"شیام تمہیں دیر ہوجائے گی کھڑے کھڑے کیا سوچ رہے ہو؟"

پتہ لگتا میں تو ہوں اب بھی کھڑا لیے ہاتھ میں برش
اور میں مسکرا پڑتا اپنے ہی اول جول خیالات پر!

(Urdu)

صبح صبح جاگنا اور برش کرنا شیام کو پسند نہیں۔ اسے پسند ہے تو طرح طرح کے خیالات سے کھیلنا۔

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.